
UBL UNITED BANK LTD.



# Re-living the good times

UBL BetterLife Retirement Plan

Jubilee LIFE INSURANCE

111-825-888 www.ubl.com.pk visit your nearest branch

# UBL BetterLife Retirement Plan




محفوظ ریٹائرمنٹ کی کنجی ابھی سے مستقبل کی پلاننگ میں ہے۔ جوبلی لائف کا UBL BetterLife Retirement Plan آپکو فکر سے آزاد مستقبل پیش کرتا ہے جوبلی لائف کا UBL BetterLife Retirement Plan ایک یونٹ لنکڈ اینڈاؤمنٹ پلان ہے جوآپکو زندگی کے بیمہ کے ساتھ آپکی ریٹائرمنٹ کے لئے بچت میں بھی مدد کرتا ہے۔ اس سے آپکو یہ آپشن بھی ملتا ہے کہ آپ ریٹائر ہونے پر اپنی بچت کو متواتر پنشن میں بدل سکیں۔

**کیا مجھے UBL BetterLife Retirement Plan کی ضرورت ہوگی؟**

جوبلی لائف کا UBL BetterLife Retirement Plan آپ کو بچت اور تحفظ کے ساتھ ذہنی اطمینان دیتا ہے جو یقینی طور پر آپ کے خاندان کو مالی تحفظ دیتا ہے۔

UBL BetterLife Retirement Plan کے ذریعے جوبلی لائف آپ کو سستی شراکت کے ساتھ پسند کی انشورنس کوریج منتخب کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ آپ منصوبہ کی مدت اور فوائد منتخب کریں جو آپ کو آپ کی ضروریات کے مطابق مالی انتظام میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

**میں UBL BetterLife Retirement Plan سے کس طرح فائدہ اُٹھا سکتا ہوں؟**

ان تین آسان مراحل پر آپ کو عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

مرحلہ 1: سالانہ بنیاد پر کم از کم رقم (پریمیئم) کا فیصلہ کرنا۔ آپ اپنا پریمیئم سالانہ ششماہی، سہہ ماہی اور ماہانہ ادا کرسکتے ہیں۔

مرحلہ 2: دیئے گئے آپشنز میں اپنی ضرورت کے مطابق بہترین کوریج کا انتخاب



مرحلہ 3: منصوبہ میں اضافے کے لئے اختیاری انشورنس فوائد کا انتخاب

**قابلِ اطلاق عمریں اور پالیسی کی مدتیں:**

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ UBL BetterLife Retirement Plan کے لئے اہل ہیں۔ منصوبے کی دستیاب مدت کی حد 10 سال سے 57 سال تک ہے۔ بشرطیکہ منصوبے کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہونی چاہیے۔

**ادائیگی:**

پریمیئم کی ادائیگی سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر کی جاسکتی ہے۔ ذیل میں کم سے کم پریمیئم کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

| فریکوئنسی | کم سے کم رقم (پاکستانی روپے میں) |
|---|---|
| سالانہ | 15,000 |
| ششماہی | 7,500 |
| سہ ماہی | 3,750 |
| ماہانہ | 1,250 |

**یونٹ ایلوکیشن:**

UBL BetterLife Retirement Plan میں آپ کی جانب سے کی گئی ادائیگی پر آپ کے اکاؤنٹ میں مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق یونٹ مختص کیے جائیں گے۔

| پالیسی کا سال | یونٹ ایلوکیشن (%) |
|---|---|
| 1 | 35% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 اور اُس سے زائد | 100% |
| ایڈہاک | 100% |

**پریمیئم شرائط کا انتظام:**

جوبلی لائف آپکو سہولت دیتی ہے کہ آپ ان چار میں سے کسی ایک فنڈ میں سرمایہ کاری کر سکیں۔ مینیجڈ فنڈ، یقین گروتھ فنڈ، میثاق فنڈ اور کیپٹل گروتھ فنڈ۔

آپ اپنے پریمیئم کو دستیاب فنڈز میں یا کسی ایک فنڈ میں سرمایہ کاری کر کے منظم کر سکتے ہیں۔ بعدازاں فنڈز کی کارکردگی کے مطابق آپ فنڈ بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ہر پالیسی سال چار مفت سوئچ کر سکتے ہیں۔ پانچویں سوئچ پر آپ پر چارجز لاگو ہو جائیں گے اور پلان کی کیش ویلیو / یونٹ اکاؤنٹ سے کٹوتی کر لی جائے گی۔ منصوبے کی مدت کے دوران آپ کی شراکت پر سرمایہ کاری حاصل ہوگی۔ منصوبہ کی منتخب مدت کے اختتام پر یک مشت جمع شدہ کیش ویلیو آپ کو ملے گی۔

**پلان چارجز:**

ابتدائی سالوں میں مقررہ حد کم ہونے کے ساتھ، درج ذیل معاوضے منصوبے پر لاگو ہوں گے۔

- انویسٹمنٹ چارجز 1.5% سالانہ فنڈ ویلیو پر۔
- ایڈمنسٹریشن فیس -/55 روپے ماہانہ
- بڈ / آفر اسپریڈ 5%
- مورٹیلٹی چارجز اگر قابلِ اطلاق ہو۔

- رائیڈر چارجز اگر کوئی ہوتو
- سوئچنگ / ری ڈائریکشن ( -/500 روپے)۔ اگر آپ ایک سال میں چار مرتبہ سے زائد سوئچ / ری ڈائریکٹ کریں گے۔
- کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کرسکتی ہے۔

**مفت تجرباتی دورانیہ:**

جوبلی لائف آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانئے (Free-Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے، جس میں آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر چاہیں تو پالیسی منسوخ کردیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی جانب سے تحریری درخواست جو پالیسی ڈاکیومینٹس کی رسید کے جاری ہونے کے 14 دن کے اندر اندر واپس کردیا جائے گا۔

جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں ہونے والے اخراجات منہا کرلے۔ (اگر کوئی ہو۔)

**میں جوبلی لائف کے فنڈ یونٹ کی قیمتوں کے بارے میں معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟**

جوبلی لائف فنڈز کے یونٹ کی قیمتوں کی معلومات تمام بڑے روزناموں میں شائع ہوں گے اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

**کلیدی فوائد:**

UBL BetterLife Retirement Plan خاص طور پر روزمرہ کے اخراجات میں اضافے سے نمٹنے کے لئے آپ کی مدد کے تیار کیا گیا ہے۔ جب کہ ناگہانی موت کی صورت میں آپ کے خاندان کو منصوبے کی مدت کے دوران تحفظ حاصل ہوگا۔

**تکمیلی فوائد:**

منصوبے کی مدت کی تکمیل پر بیمہ دار پالیسی کی کیش ویلیو یکمشت وصول کرے گا۔ وہ بیمہ دار جو پلان کی تکمیل پر 55 سال یا اس سے زائد ہوں ان کے پاس یہ آپشن ہے کہ وہ یکمشت کیش ویلیو کو پنشن کی خریداری کے لئے استعمال کر سکیں جو کہ خاص طور پر ایسے افراد کے لئے بنائے یکمشت رقم کے بجائے متواتر آمدنی کو ترجیح دیتے ہیں۔

**ڈیتھ بنیفٹ:**

UBL BetterLife Retirement Plan، آپ کو آپ کی ضرورت کے مطابق تحفظ کی سطح کے انتخاب کا اختیار دیتا ہے۔ یہ پلان آپ کے پریمیئم اور عمر کی بنیاد پر 10 سے 254 تک بیمہ زندگی پر کور ملٹی پل کی رینج فراہم کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے منصوبے کا بنیادی سالانہ پریمیئم -/100,000 روپے پاکستانی ہے اور آپ نے کور ملٹی پل 10 کا انتخاب کیا ہے تو آپ کا کل سم ایشورڈ 10 x 100,000، -/1000,000 روپے ہوگا۔ ڈیتھ بینیفیٹ سم ایشورڈ یا کیش ویلیو میں سے جو زیادہ ہے اور پالیسی کی مدت کے دوران بیمہ دار کی موت کی صورت میں قابل ادا ہوگا۔ ڈیتھ بینیفیٹ منتخب نامزد ورثاء کو ادا کیئے جائیں گے اور پالیسی ختم کردی جائے گی۔

**فوائد کی مثال:**

| مفروضات | |
|---|---|
| منصوبے کے آغاز میں عمر | 25 سال |
| پالیسی اور پریمیئم کی مدت | 25 سال |
| منصوبے کا بنیادی سالانہ پریمیئم | -/50,000 روپے |
| سم ایشورڈ | -/500,000 روپے |

## مستقبل میں متوقع نقد بہاؤ

| سالانہ سرمایہ کاری کی واپسی | 7% سالانہ مجموعی شرح واپسی | | 9% سالانہ مجموعی شرح واپسی | | 11% سالانہ مجموعی شرح واپسی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پالیسی سال | ڈیتھ بینفیٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینفیٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینفیٹ | کیش ویلیو |
| 5 | Rs. 500,000 | Rs. 214,000 | Rs. 500,000 | Rs. 225,000 | Rs. 500,000 | Rs. 237,000 |
| 10 | Rs. 550,000 | Rs. 550,000 | Rs. 610,000 | Rs. 610,000 | Rs. 678,000 | Rs. 678,000 |
| 15 | Rs. 983,000 | Rs. 983,000 | Rs. 1,157,000 | Rs. 1,157,000 | Rs. 1,364,000 | Rs. 1,364,000 |
| 20 | Rs. 1,537,000 | Rs. 1,537,000 | Rs. 1,929,000 | Rs. 1,929,000 | Rs. 2,432,000 | Rs. 2,432,000 |
| 25 | Rs. 2,240,000 | Rs. 2,240,000 | Rs. 3,014,000 | Rs. 3,014,000 | Rs. 4,090,000 | Rs. 4,090,000 |

**نوٹ:**

* پہلے دو سال میں کوئی سرنڈر ویلیو نہیں ہوگی۔ دو سال کے بعد وہ پالیسی کی کیش ویلیو کے مساوی ہوگی۔
* یقینی رقم یا کیش ویلیو جو بھی زیادہ ہو، ڈیتھ بینیفیٹ ہوگا۔ مثال کے طور پر، یہ فرض کیا جائے گا کہ موت سال کے آخر میں واقع ہوئی ہے۔
* پالیسی کی تکمیل کے وقت موجودہ کیش ویلیو تکمیلی فائدہ ہوگا۔ اگر ریٹائرمنٹ کی عمر 55 سال یا زائد ہے تو پالیسی ہولڈر کو یہ آپشن دیا جائے گا کہ وہ تکمیلی فائدہ کو کمپنی کی طرف سے مقررہ اینوئٹی میں تبدیل کروا سکے۔
* مفروضہ کے طور پر واپسی کی شرح (%7 ، %9 اور %11 ہر سال) درج بالا جدول میں ظاہر کیا گیا ہے جو انتظامی چارجز کی کٹوتی سے پہلے کی ہیں۔ واپسی مفروضہ کی شرح سے یہ چارجز مندرجہ بالا جدول میں ویلیو کا تعین کرنے سے پہلے کٹوتی کی جاتی ہے۔
* مثال میں ظاہر کیا گیا کیش ویلیو بعض مفروضے کی بنیاد پر لگایا گیا ہے۔ اصل کیش ویلیوز زیادہ یا کم ہو سکتی ہے جو اوپر ظاہر کی گئی ہیں۔ سرمایہ کاری کی کارکردگی کا انحصار جوبلی لائف کے فنڈز کی بنیاد پر ہے۔ چارجز کی سطح تک۔
* درج بالا کیش ویلیو اکاؤنٹ مقررہ یونٹ اور مقررہ بونس کی بنیاد پر ہیں۔
* پالیسی دستاویزات میں وضاحت کی گئی ہے کہ معاہدہ کس طرح قابل عمل ہوگا۔ اس بروشر میں پراڈکٹ کی عام آؤٹ لائن فراہم کی گئی ہیں۔ مندرجہ بالا اعداد و شمار نشاندہی کے طور پر ہیں اور صرف مثال کے طور پر پیش کیے گئے ہیں۔

**خطرات کے خلاف تحفظ:**

ایک لچکدار پراڈکٹ ہونے کے ناطے، UBL BetterLife Retirement Plan، آپ کو اضافی اختیاری رائیڈرز کو منتخب کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

۱۔ **فیملی انکم بنیفٹ (Family Income Benefit)**

خدانخواستہ آپ کی موت واقع ہونے کی صورت میں اسکول فیس وغیرہ جیسے اخراجات پورے کرنے کے لئے آپ کے کنبے کو طے شدہ دورانیے کے لئے ایک اضافی رقم باقاعدگی سے ادا کی جائے گی جو دیگر فوائد کے علاوہ ہوگی۔

۲۔ **پریمیئم کا خاتمہ (Waiver of Premium)**

اگر آپ کسی پیچیدہ بیماری / یا معذوری کا شکار ہیں جس کی وجہ سے کم از کم چھ ماہ آپ اپنا کاروبار / پیشہ وارانہ امور کی انجام دہی کا کوئی دوسرا پیشہ جو آپکے عمل، تجربہ اور تربیت کے مطابق ہو سے قاصر ہوں تو آپکے اگلے پریمیئم کی ادائیگی جوبلی لائف کرے گی۔

۳۔ شدید بیماری کی صورت میں فوائد (Critical illness Benefit)

مخصوص شدید بیماریوں میں سے کسی بیماری کی تشخیص ہوجانے پر وہ فوائد حاصل ہوں گے جو بصورتِ موت حاصل ہوتے۔

۴۔ حادثاتی موت (Accidental Death)

آپ کو اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لئے اس خصوصیت کے تحت، حادثاتی موت کی صورت میں ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

دستبرداری کا اختیار:

UBL BetterLife Retirement Plan کے تحت، آپ کو یہ اختیار ہے کہ پالیسی کے دو سال مکمل ہونے پر آپ اپنے فنڈز (مکمل یا جزوی طور پر) واپس لے سکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے دو سال کا مکمل پریمیئم ادا کیا ہوا ہو۔

جزوی دستبرداری:

اگر آپ کو کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی نقد رقم واپس لینا چاہتے ہیں، لیکن پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے، آپ پالیسی کے دو سال مکمل ہونے کے بعد جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں۔ آپ کی پالیسی کی کیش ویلیو 15,000/- روپے پاکستانی کے مساوی یا اس سے زیادہ ہو۔ اور (بقایا کیش ویلیو پر کمپنی کی جانب سے نظر ثانی کی جاسکتی ہے) اور آپ نے اپنا دو سال کا پریمیئم ادا کیا ہو۔

مکمل دستبرداری:

دو سال کے مکمل پریمیئم کی ادائیگی پر آپ اپنی پالیسی سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت آپ کو آپ کے فنڈز کی مکمل کیش ویلیو ادا کر دی جائے گی۔ تاہم پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

دیگر فوائد:

آٹومیٹک کور مینٹی نینس:

پورے دو سال آپ نے پریمیئم ادا کیا ہو اور مزید اپنے پریمیئم کی ادائیگی نہیں کر سکتے۔ آپ پھر بھی لائف انشورنس کور کے اہل ہوں گے۔ جب تک آپ کے منصوبے کی کیش ویلیو آپ کی پالیسی سے کی جانے والے چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

ٹاپ اپ پریمیئم (ایڈہاک پریمیئم)

کسی سال آپ اپنے منصوبہ میں اضافی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ UBL BetterLife Retirement Plan آپ کو اس سرمایہ کاری میں اضافہ کی اجازت دیتا ہے تاکہ آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوسکے۔

# اعلانات

* یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی طرف سے جاری کی گئی ہے۔ یہ نہ UBL کی پراڈکٹ ہے اور نہ ہی UBL صارف کو اس پراڈکٹ کے بارے میں جوابدہ ہے۔
* آپکے پریمیئم کو جوبلی لائف کے فنڈز میں مختص کیا جانا ہے۔
* کیس ویلیو میں ترقی کی شرح 7% , 9% اور 11% مفروضہ کی بنیاد پر ہے۔
* جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرتی ہو اصل ویلیو گراف میں دی گئی ویلیو سے گھٹ یا بڑھ بھی سکتی ہے۔
* جوبلی لائف مینجڈ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی یو بی ایل پر اس کا ذمہ داری عائد ہوگی۔
* ذاتی فوائد کی مثال آپ کو ہمارا سیلز نمائندہ فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی مثال میں ظاہر کئے گئے مختلف شرائط وضوابط کو اچھی طرح سمجھ لیں۔
* سروس چارجز اور ٹیکس بینک کے "ادائیگی شیڈول" کے مطابق لاگو ہوں گے اور ٹیکس قوانین جو مجاز حکام کی طرف سے مقرر ہیں۔
* پالیسی کی شرائط میں واضح کیا گیا ہے کہ معاہدہ پالیسی کس طرح موثر ہوگا۔ اس مصنوعاتی بروشر میں صرف آپ کے سمجھنے کے لئے پراڈکٹ کی خصوصیات، فوائد کی نشاندہی کی گئی ہے۔

where you come first

State Life Building No. 1,
I. I. Chundrigar Road, Karachi - 74000, Pakistan
UAN: 111-825-888 Website: www.ubl.com.pk

**Jubilee Life Insurance Company Limited**
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi-74000, Pakistan
Tel: (021) 35205095
Fax: (021) 35610959
UAN: 111-111-554 (JLI) SMS "JLI" to 8282
E-mail: info@jubileelife.com Website: www.jubileelife.com